This question paper consists of **42** questions and **16** printed pages.

اس سوال نامے میں کل **42** سوالات اور **16** چھپے صفحات ہیں۔

Roll No.
رول نمبر (ہندسوں میں)

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

**9072**

# URDU
# (اردو)
# (206)

**Code No.** کوڈ نمبر **70/S/O/U**

**SET/**سٹ **A**

رول نمبر (الفاظ میں) ____________________

امتحان کی تاریخ اور دن ____________________

نگراں امتحان کے دستخط

1. ____________________

2. ____________________

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

**ہدایات:**

1. طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو (A)، (B)، (C) اور (D) میں سے **کوئی ایک** جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھنا ہے۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر **70/S/O/U**, Set **A** کو لکھیے۔



**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

# URDU

# (اردو)

# (206)

**وقت: 3 گھنٹے** | **کل نمبر: 100**

---

**نوٹ:**

(i) یہ سوال نامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) **تمام** سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 20 تک MCQ سوالات ہیں اور ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھیے۔

(v) سوال نمبر 21 سے 25 تک مختصر ترین (Objective Type) سوالات ہیں جن میں 3 نمبروں کے دو (2) سوالات، 7 نمبروں کے دو (2) سوالات اور 10 نمبر کا **ایک** (1) سوال ہے۔ ہدایت کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 26 سے 42 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجیے۔



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

1. دلہن پاس آکر بھی واپس کیوں چلی گئی؟ 1

(A) کیونکہ وہ انسان نہیں تھی

(B) وہ آسمانوں میں رہتی تھی

(C) بوڑھے نے قوم کی بھلائی کا کوئی کام نہیں کیا تھا

(D) بوڑھے نے ثواب کی نیت سے نیک کام کیے تھے

2. حامد بہت خوش تھا کیونکہ..... 1

(A) اس کی جیب میں بہت سے روپے تھے

(B) اس نے ڈھیروں کھلونے خریدنے تھے

(C) وہ اپنے والدین سے ملنے جارہا تھا

(D) اس کے دل میں امید کی روشنی تھی

3. 'آپ کی بلا سے' کا مطلب کیا ہے؟ 1

(A) آپ کو پریشانی ہوگی

(B) آپ کو زحمت ہوگی

(C) آپ کی اجازت سے

(D) آپ کا اس سے کوئی تعلق نہیں



UNNATI EDUCATIONS EK KADAM UNNATI KI OR
UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

4. 'ایک آدھ اخبار' کا مطلب ہے — 1

(A) ایک اخبار

(B) آدھا اخبار

(C) ایک اور آدھا اخبار

(D) کچھ اخبار

5. مضمون ..... — 1

(A) مضمون نویس کی شخصیت کا پرتو ہوتا ہے

(B) مضمون نویس کی شخصیت سے اس کا کچھ لینا دینا نہیں ہے

(C) مضمون نویس اس سے پوری طرح لاتعلق رہتا ہے

(D) مضمون نویس اس سے کچھ حد تک لاتعلق رہتا ہے

6. مضمون نویسی کی سب سے آسان قسم کون سی ہے؟ — 1

(A) تاثراتی مضمون

(B) بیانیہ مضمون

(C) تخیلی مضمون

(D) ان میں سے کوئی نہیں

7. مضمون نویس کے خاص اجزاء کون کون سے ہیں؟ — 1

(A) آغاز

(B) نفس مضمون

(C) اختتام

(D) مذکورہ بالا سبھی



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

8. کس قسم کے مضمون میں اپنے ذاتی تاثرات اور ردِ عمل کا اظہار کیا جاتا ہے؟ 1

(A) بیانیہ مضمون میں (B) تاثراتی مضمون میں

(C) تخیلی مضمون میں (D) ان میں سے کسی میں نہیں

9. مضمون کے آغاز کو اور کن کن ناموں سے جانا جاتا ہے؟ 1

(A) تمہید (B) تعارف

(C) تمہید اور تعارف (D) ان میں سے کوئی نہیں

10. مضمون نویسی کے عمل میں ________ کا حصّہ سب سے طویل ہوتا ہے۔ 1

(A) آغاز (B) نفسِ مضمون

(C) اختتام (D) ان میں سے کوئی نہیں

11. کہانی ''عقل کے دشمن'' میں ________ پر زور دیا گیا ہے۔ 1

(A) عقل کی اہمیت (B) علم کی اہمیت

(C) عمل کی اہمیت (D) ہنر کی اہمیت



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

12. جوں ہی شیر زندہ ہوا ________ 1

(A) سب کو کھا گیا۔
(B) سب بھاگ گئے
(C) سب پیڑ پر چڑھ گئے
(D) سب ندی میں کود گئے

13. 'ضمیر غائب' کی مثال کون سی ہے؟ 1

(A) میں، ہم، ہمارا
(B) تو، تم، تمہارا
(C) وہ، ان، انھیں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

14. ضمیر حاضر کی مثال کون سی ہے؟ 1

(A) تو، تم، تمہارا وغیرہ
(B) میں، ہم، ہمارا وغیرہ
(C) وہ، انھیں، ان، اس وغیرہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

15. "ایک سوال" کی ہیروئن کون ہے؟ 1

(A) پھول وتی
(B) رام وتی
(C) پھول رانی
(D) مدھومتی



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

16. شریف گھرانوں میں جمعدارن کے لیے کون سالفظ مروج ہے؟ 1

(A) بہو (B) آیا

(C) دائی (D) نوکرانی

17. مردہ شیر کی ہڈیاں کہاں پڑی تھیں؟ 1

(A) راجہ کے محل میں (B) برہمن کے گھر میں

(C) جنگل میں (D) چڑیا گھر میں

18. کس نے کہا، ''او بھائی ان پڑھ، تم تو گھر واپس جاؤ راجہ کے دربار میں تمہارا کیا کام''؟ 1

(A) پہلے برہمن نے (B) دوسرے برہمن نے

(C) تیسرے برہمن نے (D) راجہ نے

19. کبیر داس خلاف تھے 1

(A) ذات پات کے (B) چھوا چھوت کے

(C) مورتی پوجا کے (D) مذکورہ سبھی کے

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR



**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

20. کبیر داس ________ 1

(A) اپنے آپ کو وشنو کا بھگت کہا کرتے تھے۔

(B) پیشانی پر قشقہ لگاتے تھے۔

(C) گلے میں مالائیں ڈالے رکھتے تھے۔

(D) اوپر کے تینوں درست ہیں۔

21. درج ذیل شعر کی روشنی میں، پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 3

”بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے“

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 1

(ii) لفظ 'بار' کے دو بار (بار بار) کے استعمال سے شعر میں کون سی صنعت پیدا ہو گئی ہے؟ 1

(iii) 'اضطراب' کے معنی لکھیے۔ 1

UNNATI EDUCATIONS EK KADAM UNNATI KI AUR

22. مندرجہ ذیل شعر کی روشنی میں، پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے:

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں 3

ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 1

(ii) اس شعر کے دونوں مصرعوں کا کلیدی لفظ کون سا ہے؟ 1

(iii) 'ایمائیت' کسے کہتے ہیں؟ 1



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

23. درج ذیل شعری اقتباس کی روشنی میں، پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 7

"خون اپنا ہو یا پرایا ہو
نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں
امنِ عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ اوروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

(i) یہ شعری اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ 1

(ii) یہ شعری اقتباس کس شاعر کا کلام ہے؟ 1

(iii) لفظ 'اپنا' کا متضاد لکھیے۔ 1

(iv) لفظ 'آدم' کا ہم قافیہ لفظ لکھیے۔ 1

(v) 'نسلِ آدم' میں مضاف اور مضاف الیہ کی نشاندہی کیجیے۔ 1

(vi) گھروں پر بم گرنے کا انجام کیا ہوگا؟ 1

(vii) کھیتوں کے جلنے سے کیا ہوگا؟ 1



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

24. مندرجہ ذیل شعری اقتباس کی روشنی میں، پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: **7**

"حیراں ہوں یارو دیکھو تو یہ کیا سوانگ ہے
آپ آدمی ہی چور ہے اور آپھی تھانگ ہے
ہے چھینا جھپٹی اور کہیں مانگ تانگ ہے
دیکھا تو آدمی ہی یہاں مثل رانگ ہے
فولاد سے کڑا ہے سو ہے وہ بھی آدمی"

(i) یہ شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟ **1**

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟ **1**

(iii) ایسی نظم جس کا ہر بند پانچ پانچ مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے کیا کہلاتی ہے؟ **1**

(iv) شاعر کی حیرانی کا سبب کیا ہے؟ **1**

(v) سوانگ کے معنی لکھیے۔ **1**

(vi) چھینا جھپٹی، مانگ تانگ، قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ **1**

(vii) اس بند میں آدمی کے کون کون سے روپ بیان کیے گئے ہیں؟ **1**

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

25. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: 10

(i) اضافت کسے کہتے ہیں؟ 1

(ii) پانی بھرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(iii) ”آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا“ کے معنی لکھیے۔ 1

(iv) ”طوعاً و کرہاً “ کے معنی لکھیے۔ 1

(v) مضمون کے آغاز کو اور کن ناموں سے جانا جاتا ہے؟ 1

(vi) مضمون کا سب سے طویل جز کون سا ہوتا ہے؟ 1

(vii) خطوط کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟ 1

(viii) ماس میڈیا کے مفہوم کو سمجھایئے۔ 1

(ix) آج ماس میڈیا اتنا اہم کیوں ہے؟ 1

(x) ’خط‘ کی جمع لکھیے۔ 1



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

26. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے: 6

''یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ بڑوں سے گفتگو کرتے وقت ہم انھیں آپ کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ انھیں ''تم'' یا ''تو'' کہنا مناسب نہیں۔ تم کا استعمال ہم اپنے ہم عمروں یا چھوٹوں کے لیے کرتے ہیں۔ جہاں تعلقات گہرے ہوں، وہاں ''تو'' بھی کہہ دیا جاتا ہے لیکن ہمیں ''تو'' سے گریز کرنا چاہیے۔ ذاتی خطوط صرف دوستوں کو ہی نہیں لکھے جاتے بلکہ اپنوں سے بڑوں کو بھی لکھے جاتے ہیں جن کا ہم سے کوئی تعلق ضرور ہوتا ہے۔ تعلقات کا یہ فرق ہی سلوک، آداب، طرزِ تحریر اور القاب میں تبدیلی لاتا ہے۔''

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟ 2

(ii) بڑوں سے گفتگو کرتے وقت ہم انھیں کیا کہہ کر مخاطب کرتے ہیں؟ 1

(iii) 'تم' کا استعمال کن کے لیے کیا جاتا ہے؟ 1

(iv) تعلقات کا فرق خط کی نوعیت کو کیسے متاثر کرتا ہے؟ 2

27. ذاتی خط کن لوگوں کو لکھے جاتے ہیں؟ ذاتی خط کا ایک نمونہ پیش کیجیے۔ 6



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
**UNNATI EDUCATION**
**9899-436-384: 9654-279-279**

28. درج ذیل بند کی تشریح کیجیے۔ نظم اور شاعر کا نام بھی لکھئے:   4

کیا بلا کی کشش تیرے خاروں میں ہے
اوج فردوس پنہاں بہاروں میں ہے
اک نیا بانکپن کوہساروں میں ہے
دلکشی کس قدر چاند تاروں میں ہے
ہے زمانہ سے اعلا تیری انجمن
میرے ہندوستان میرے پیارے وطن

یا

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے:

گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہو سکتی ہے
اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے
اب جدھر دیکھئے لگتا ہے کہ اس دنیا میں
کہیں کچھ زیادہ ہے کہیں کچھ کم ہے

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

29. غالب کے اندازِ بیان پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

یا

جمیل مظہری کے اندازِ بیان پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

30. میر تقی میر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ 4

31. ترسیل کے بنیادی عناصر کون کون سے ہیں؟ 4

یا

تجارتی خط کے مختلف اسالیب کون کون سے ہیں؟

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

32. سر سید نے قوم کے نوجوانوں کو کیا پیغام دیا تھا؟ 2

33. پریم چند کے دو افسانوں کے نام لکھیے۔ 2

34. مطلع کی تعریف لکھیے۔ 2

35. سبق ''عقل کے دشمن'' کا ماخذ کیا ہے؟ 2



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

36. ''ایک سوال'' کا مرکزی کردار کون ہے اس کے بارے میں چند جملے لکھیے۔ 2

37. کبیر نے موہ مایا کے بارے میں کیا بات کہی ہے؟ 2

38. کبیر نے کیسے لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے؟ 2

39. میرؔ کے اندازِ بیان پر چار جملے لکھیے۔ 2

40. دنیا میں امن کی ضرورت کیوں ہے؟ 2

41. جوگن کون تھی اور وہ جنگل میں کیوں گئی تھی؟ 2

42. نظم ''دھانی آنچل والی'' سے شاعر کی مراد کیا ہے؟ 2

---



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI OR
UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR



UNNATI EDUCATION
9899-436-384: 9654-279-279